سوال

(152)حفاظت کےلیے آیۃالکرسی پڑھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

دکان میں سامان کی حفاظت کےلئے آیت الکرسی کتنی مرتبہ پڑھنی چاہیے، پھر اسے دکان بند کرنے سے پہلے یا بعد پڑھا جائے، نیز پھونک بھی مارنا چاہیے یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

احادیث میں ہے کہ آیت الکرسی پڑھنے سے انسان، شیاطین سے محفوظ ہوجاتا ہے اوراللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک فرشتہ اس کی حفاظت کےلئے تعینات کردیا جاتا ہے بشرطیکہ سوتے وقت بستر پر بیٹھ کراسے پڑھا جائے۔ [بخاری:۲۳۱۲]

یہ وظیفہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو شیطان نے بتایا تھا جب وہ صدقۃ الفطر چوری کرتے ہوئے پکڑا گیا تھا۔ تاہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تصدیق سے اس وظیفہ کی حقانیت واضح ہوگئی، لیکن سامان وغیرہ کی حفاظت کےلئے بھی ہمارے ہاں اسے پڑھا جاتا ہے، جیسا سوال سے معلوم ہوتا ہے اس کا حدیث میں کوئی ذکر نہیں ہے۔ [واللہ اعلم]

ھذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ اصحاب الحدیث

جلد:2 صفحہ:190